بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

## حرفِ اوّل

حکمت قرآن کا زیر نظر شمارہ حج اور عید الاضحیٰ کی مناسبت سے اشاعت خاص کا درجہ رکھتا ہے۔ صدر مؤسس مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور و امیر تنظیم اسلامی جناب ڈاکٹر اسرار احمد نے مسجد دار السلام باغ جناح لاہور میں ذوالحجہ ۱۴۰۲ھ کے پہلے جمعہ میں "عید الاضحیٰ اور فلسفۂ قربانی" کے موضوع پر ایک جامع اور مبسوط تقریر فرمائی تھی۔ یہ تقریر ماہنامہ "میثاق" کی اشاعت بابت ماہ ذوالحجہ ۱۴۰۲ھ (۱۹۸۲ء) میں شائع کی گئی اور پھر ۱۹۸۳ء میں اسے افادۂ عام کے پیش نظر کتابی صورت میں شائع کیا گیا۔ حال ہی میں اس کے نئے ایڈیشن کی تیاری کے طور پر اس کی کمپیوٹر کتابت کرائی گئی ہے۔ حج اور عید الاضحیٰ کی آمد آمد ہے۔ اس موقع پر مناسب خیال کیا گیا کہ یہ پوری تقریر یکجا شکل میں "حکمت قرآن" کے صفحات میں ہدیہ قارئین کر دی جائے ــــ مزید برآں اس کے ساتھ محترم ڈاکٹر صاحب کی ایک جامع تحریر بعنوان "حج اور عید الاضحیٰ اور ان کی اصل روح، قرآن حکیم کے آئینے میں" بھی شامل اشاعت کی جارہی ہے۔

اس کے مطالعے سے جہاں ان شاء اللہ تعالیٰ عید الاضحیٰ اور قربانی میں جو ربط و تعلق ہے وہ قارئین کے سامنے آئے گا وہیں وہ مغالطے بھی اگر اللہ نے چاہا تو دور ہو جائیں گے جو حج کے موقع پر منیٰ کے علاوہ دوسری جگہوں پر قربانی کی مخالفت میں منکرین حدیث کی جانب سے دیئے جاتے ہیں۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم میں وہ طلب پیدا ہو کہ ہم عقل و شعور کے ساتھ یہ معلوم کر سکیں کہ اصل "روح قربانی" کیا ہے! پھر اللہ تبارک و تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ ہمیں توفیق دے کہ ہم اس کو اپنی شخصیت میں جذب کر سکیں اور صرف ہماری زبان قال ہی سے نہیں بلکہ زبان حال سے بھی اس حقیقت کی جھلک نظر آئے کہ :

﴿ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ ﴾

© rasailojaraid.co